مقبول بارگاہ رسول، جلیل القدر صحابی، کاتب وحی حضرت سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ
کی شان و فضائل پر مبنی چالیس احادیث کا مجموعہ

# شان امیر معاویہ بزبان مصطفی ﷺ

حضرت سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ


مصنف:
مولانا پیر معید رضا قادری عطاری

مرتب:
حافظ طلحہ رضا عطاری

## پہلے اسے پڑھیں

فرمان مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم: جو شخص میری
امت تک پہنچانے کے لیے دین کے متعلق 40 حدیثیں یاد کرلے گا تو اسے اللہ پاک قیامت کے دن
عالم دین کی حثیت سے اٹھائے گا اور بروز قیامت میں اس کا شفیع اور گواہ ہوں گا - (شعب الایمان ،270/2، حدیث: 1726)
اس سے مراد چالیس احادیث کا لوگوں تک پہنچانا ہے اگرچہ وہ یاد نہ ہوں - (اشعۃ اللمعات ، 186/1)
الحمدللہ ! حدیث پاک میں بیان کی گئی فضیلت اس کو بھی حاصل ہوگی جو چھاپ (یعنی پڑنٹ کروا) کر یا دیکھ کر بیان کرکے
یا کسی بھی ذریعے سے لوگوں تک 40 حدیثیں پہنچائے لہذا یہ فضیلت پانے کی نیت سے
40 فرامین مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم
بنام ,,, 40 احادیث میں شان امیر معاویہ ,,,,پیش کیئے جاتے ہیں:

حضرت علامہ مولاناپیر معید رضا قادری عطاری صاحب نے صحابی رسول کاتب وحی امیر معاویہ رضی اللہ عنہ
کی شان میں چالیس احادیث مبارکہ مختلف مقامات سے جمع کی ہیں
اور حافظ طلحہ رضا عطاری آف قصور کوپیر معید رضا قادری نے سب احادیث پیش کی
اور انہوں نے پڑنٹ کروا کر شایہ کی-
اللہ کریم ! اس کاوش کو قبول فرمائے اور جنہوں نے اس رسالے کو تیار کرنے میں تعاون کیا
انہیں فیضانِ حدیث سے مالا مال فرمائے - آمین
طالب غم مدینہ وبقیع و مغفرت
(مولانا بلال قادری)

# امت کا اتحاد

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے امت کو متحد رکھنے
کے لیے اپنی خلافت کو حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے سپرد کیا

(ماخذ: البدایہ والنہایہ، جلد 8، صفحہ 131)

ہاتھوں میں ان کے ہاتھ نہ دیتے کبھی حسن
ایک بھی نہ ٹھیک ہوتا جو کام معاویہ

# معاویہ سے محبت

امام طبرانی نے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

ان اللہ ورسولہ یحبان معاویۃ۔۔

بے شک اللہ اور اس کا رسول معاویہ سے محبت کرتے ہیں

(مجمع الزوائد کتاب المناقبہ باب ما جاء فی معاویۃ بن ابی سفیان رقم الحدیث: 441/9,15923)

خدا دو جہاں کی ہیں رضا میرے معاویہ

وہ روٹھ جائیں گر تو روٹھ پیارے مصطفیٰ

اگر وہ خوش رہیں تو ہونگے حبیب کبریا

کہ جنتی ہے جنتی سیدی معاویہ

## دنیاو آخرت میں مغفرت یافتہ ہے

ام المومنین حضرت سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنھا فرماتی ہیں :

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ عَلَیۡہِ وَالہ وسلم حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا کے پاس جلوہ فرما تھے

، کسی نے دروازے پر دستک دی، حضور صلی اللہ تعالیٰ عَلَیۡہِ والہ وسلم نے فرمایا : دیکھو کون ہے ؟

عرض کی: معاویہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) ہیں، آپ صَلَّی اللہ تعالیٰ عَلَیۡہِ والہ وسلم نے فرمایا: انہیں بلالو ،

حضرت سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ تعالی عنہ خدمت اقدس میں حاضر ہوئے تو آپ رضی اللہ تعالی عنہ نے کان پر قلم رکھا ہوا تھا

جس سے آپ کتابت فرمایا کرتے تھے ۔

نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم نے فرمایا: معاویہ ! تمہارے کان پر قلم کیسا ہے ؟

حضرت سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ تعالی عنہ نے عرض کی

میں اس قلم کو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ تعالی علیہ و الہ و سلم کے لئے تیار رکھتا ہوں۔

نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم نے فرمایا : اللہ پاک تمہارے نبی کی طرف سے تمہیں جزائے خیر عطا فرمائے،

میری خواہش ہے کہ تم صرف وحی کی کتابت کیا کرو اور میں ہر چھوٹا بڑا کام اللہ تعالی کی وحی سے ہی کرتا ہوں،

تم کیسا محسوس کرو گے جب اللہ تعالیٰ تمہیں پوشاک پہنائے گا ؟

یعنی خلافت عطا فرمائے گا۔ (یہ بات سن کر) حضرت سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ تعالی عنھا

انھیں اور حضور صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم کے روبرو بیٹھ کر عرض کی:

یا رسول اللہ صَلَّی اللہ تعالیٰ عَلَیۡہِ والہ وسلم ! کیا اللہ تعالی تعالیٰ میرے بھائی کو خلافت عطا فرمائے گا ؟

آپ صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم نے فرمایا: ہاں ! لیکن اس میں آزمائش ہے، آزمائش ہے، آزمائش ہے ۔

ام المؤمنین حضرت سیدتا ام حبیبہ رضی اللہ تعالی عنھا نے عرض کی:

یا رسول اللہ صل اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم آپ ان کے لیے دعا فرمادیجئے۔

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ عَلَیۡہِ والہ وسلم نے دعا کی : ا

للّٰھُمَّ اھۡدِہٖ بِالۡھُدٰی، وَجَنِّبۡہُ الرَّدٰی، وَاغۡفِرۡ لَہٗ فِی الۡاٰخِرَۃِ وَالۡاُوۡلٰی

یعنی اے اللہ پاک معاویہ (رضی اللہ تعالی عنہ) کو ہدایت پر ثابت قدمی عطا فرما، انہیں ہلاکت سے محفوظ فرما

اور دنیا و آخرت میں ان کی مغفرت فرما۔

(معجم اوسط ، من اسمہ احمد ، 497/1 حدیث : 1838)

**تبرکات مصطفیٰ لحد کے واسطے چنے**

**عقیدے کا چراغ ہے وصیت معاویہ**

## *حلم و علم سے معمور*

حضرت سیدنا وحشی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

ایک بار حضرت سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سواری پر پیچھے بیٹھے ہوئے تھے۔۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

تمہارے جسم کا کونسا حصہ میرے جسم سے مس ہو رہا ہے؟

حضرت سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میرا پیٹ۔۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی:

اے اللہ عزوجل اسے علم و حلم سے معمور فرمادے۔۔

(خصائص کبریٰ، ذکر المعجزات فی اجابۃ الدعوات .... الخ،
باب جامع من دعواتہ .... الخ 293/2،
التاریخ الکبیر، باب الواو، وحشی 48/8، رقم: 2624، الشریعۃ، الجزالثالث والعشرون،
کتاب فضائل معاویۃ بن ابی سفیان ... الخ، 2431/5)

فرق مراتب بے شمار حق بدست حیدر کرار

مگر معاویہ بھی ہمارے سردار طعن ان پر کار فجار

# جنت میں میرے ساتھ

ایک روایت میں ہے: حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

پیارے آقا مکی مدنی مصطفیٰ صلی اللّٰہ علیہ وسلم نے

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے معاویہ:

میں تم سے ہوں اور تم مجھ سے ہو ،

پھر آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم نے بارہ 12 انگلیوں کو ملا کر فرمایا:

جنت کے دروازے پر تم میرے ساتھ اس طرح ہوگے ..

الشریعۃ للاجری, جلد 5, صفحہ 2444, حدیث 1925

کاتب وحی خدا ہیں اذن سے سرکار کے

اور قطعی جنتی بھی ہیں بفرمان رسول

# اللہ و رسول کی محبت

ایک روز سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم ام المومنین حضرتِ
سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے یہاں تشریف لائے ،
تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ام المومنین حضرت سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے بالوں میں کنگھی کرتے دیکھا ۔۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا تم معاویہ سے محبت کرتی ہو
؟ عرض کی: یہ میرے بھائی ہیں ، ان سے محبت کیوں نہ ہوگی ؟"'
آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ و رسول بھی معاویہ
سے محبت کرتے ہیں ۔۔

(تاریخ ابن عساکر, معاویۃ بن صخر ... الخ 89/59 ملخصا)

## تمام مومنوں کے آپ پیارے ماموں جان ہیں

## ہمیں بہت عزیز ہے یہ نسبت معاویہ

# نور کی چادر کی بشارت

حضرت سیدنا عبد اللہ بن عمر رَضِیَ اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے

کہ نبی کریم صَلَّی اللہُ تَعَالَی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے

اُم المؤمنین حضرت سیدتنا اُم حبیبہ رَضِیَ اللہُ تَعَالَی عنہا سے ارشاد فرمایا:

اللہ عزوجل بروز قیامت (آپ کے بھائی)

معاویہ کو اس طرح اٹھائے گا کہ ان پر نور کی چادر ہو گی۔

... تاریخ ابن عساکر، معاویۃ بن صخر - الخ، ۹۴/۵۹ مختصراً

**فضل خدا سے وہ نہ جہنم میں جائے گا**

**ہے دل میں جس کے آپ کی عزت معاویہ**

## *کتاب اللہ کے امین*

طبرانی نے اوسط میں روایت کی ہے کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے۔۔

عرض کی:

یا محمد استوص معاویۃ فانہ امین علی کتاب اللہ ونعم الامین ھو۔۔

یارسول اللہ! معاویہ کے حق میں وصیت فرمائیے،،

بے شک وہ اللہ کی کتاب کے امین ہیں اور عمدہ امین ہیں۔۔

(المعجم الکبیر، رقم الحدیث: 73/3,3902

دونوں جہان میں اس کا تو بیڑا ہی پار ہے

تم سے ہے جس کو سچی محبت معاویہ

# امیر معاویہ جنتی ہیں

حضرت سیدنا عبد اللہ بن عمر رَضِیَ اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ

نبی کریم صلی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا:

ابھی تمہارے پاس ایک جنتی شخص آئے گا، تو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالی عنہ حاضر ہوئے۔

دوسرے دن پھر ارشاد فرمایا: ابھی تمہارے پاس ایک جنتی شخص آئے گا،

تو پھر حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ حاضر ہوئے

تیسرے دن بھی یہی ارشاد فرمایا تو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالٰی عَنْہ ہی حاضر ہوئے۔

(شرح اصول اعتقاد اهل السنة ، سياق ما روى عن النبي في فضائل ابي عبد الرحمن معاوية بن ابي سفيان ،
١٢٦٠/٢ ، رقم : ٢٧٧٩ ، حلية الأولياء ابراهيم بن عيسى ،٤٢٦/١٠، رقم: ١٥٧٣٤ ، الفردوس بماثور الخطاب، باب الياء، ٤٨٢/٥ ، حديث : ٨٨٣٠)

کہ جنتی ہے جنتی سیدی معاویہ
کہ جنتی ہے جنتی سیدی معاویہ
خدا کا ان پہ فضل ہے خدا کی ان پہ رحمتیں
ہیں فضل رب سے باخدا جنتی معاویہ
رضی اللہ عنہ

# سب سے حلیم و سخی

حضرت سیدنا شداد بن أوس رَضِيَ اللہ تَعَالیٰ عنہ فرماتے ہیں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ عَلَیۂِ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مُعَاوِیَۃُ بنُ أَبِي سُفْیَانَ أَحَلَّمُ أُمَّتِي وَأَجْوَدُھَا

یعنی میری اُمت میں معاویہ بن ابو سفیان سب سے بُردبار اور سخی ہیں۔

بغية الباحث كتاب المناقب باب فيما اشترك فيه أبو بكر الخ ۱/ ۸۹۳ حديث: ۹۶۵، السنة للخلال ذكر ابي عبد الرحمن معاوية بن ابي سفيان ۱/ ۴۵۳، رقم: ۷۰۱.
المطالب العالية، كتاب المناقب باب فيما اشترك فيه جماعة من الصحابة ۷/ ۱۶۶، حديث: ۸۸۴۷

نہ رافضی نہ خارجی ، فقط ہیں سنی معتدل

یزید سے جدائی اور رفاقت معاویہ

# معاویہ تم مجھ سے ہو

حضرت سیدنا عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہما روایت فرماتے ہیں:

ایک روز نبی کریم رؤوف رحیم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

ابھی تمہارے درمیان ایک شخص آئے گا وہ جنتی ہے تو حضرت سیدنا معاویہ رضی اللہ تعالی عنہ داخل ہوئے۔

پیارے آقا، مدینے والے مصطفی صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وآلہ وسلم نے فرمایا:

معاویہ میں تم سے ہوں اور تم مجھ سے ہو پھر آپ صلی اللہ تَعَالٰی عَلَیۡہِ والہ وسلم نے

دو انگلیاں (درمیانی اور اس کے ساتھ والی) ملا کر فرمایا: تم جنت کے دروازے پر میرے ساتھ اس طرح ہو گے۔

الشريعة، الجزء الثالث والعشرون ، كتاب فضائل معاوية - - الخ بشارة النبي الخ، ٢٤٤٤/٥، حديث:١٩٢٥ ،

مسند الفردوس باب الياء ، ٣٩٣/٥ ، حديث : ٨٥٣٠ ، لسان الميزان،

عبد العزيز بن بحر المروزي ٣٧٩/٢، رقم : ٢١١ ا رقم: ٥٢١ ،

السنة للخلال، ذكر ابى عبد الرحمن معاوية بن ابى سفيان الخ ٤٥٤/١ رقم: ٧٠٤،

تاريخ ابن عساكر معاوية بن صخر --- الخ ، ٩٨/٥٩

**معاویہ کی عظمتوں پہ جان و دل فدا کرو**

**معاویہ پہ منقبت لکھا کرو پڑھا کرو**

**معاویہ کہا کرو معاویہ کہا کرو**

**رضی اللہ عنہ**

# رسول اللہ کے راز دار

حضرت سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ

ایک دن نبی کریم صلی اللہُ تَعَالیٰ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے

عشرہ مبشرہ کے فضائل بیان فرمائے اور

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالی عنہ کا بھی یوں ذکر فرمایا:

معاویہ بن ابی سفیان میرے رازداروں میں

سے ہیں جس نے ان تمام سے محبت کی وہ نجات پا گیا

اور جس نے ان سے بغض رکھا ہلاک ہو گیا

۔شرف المصطفی جامع ابواب الفضائل والمناقب، باب فضائل الاربعة
وسائر الصحابة اجمعین، فصل ومن فضائل بعض الصحابة مجتمعین
۲ / ۸۹ ریاض النضرة الباب الثاني الفصل الرابع، في وصف کل واحد الخ، ۱/ ۳۲ مختصراً

**وہ جس سے روٹھ جائیں تو نبی اس سے روٹھ جائیں**
**نبی سے اس طرح کی ہے قرابت معاویہ**

# نبی اکرم ﷺ کی دعا (کاتب وحی کے لیے)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اللّٰهُمَّ عَلِّمْ مُعَاوِيَةَ الْكِتَابَ وَالْحِسَابَ وَقِهِ الْعَذَابَ."

(ترجمہ: "اے اللہ! معاویہ کو کتاب و حساب سکھا

اور اسے عذاب سے محفوظ رکھ۔")

ماخذ: مسند أحمد، حدیث نمبر: 17302، صحیح

*کتاب کا حساب کا معاویہ کو علم دے*

*نبی ﷺ نے کی تھی یہ دعا معاویہ معاویہ*

*رضی اللہ تعالیٰ عنہ*

# امیر معاویہ قوی و امین ہیں

نبی کریم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسلم نے حضرت سیدنا صدیق اکبر اور حضرت سیدنا فاروق اعظم رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہما کو کسی کام سے متعلق مشورہ کرنے کے لیے طلب فرمایا لیکن دونوں نے عرض کیا:

اَللہُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَمُ یعنی اللہ تعالیٰ اور

اس کا رسول صلی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسلم بہتر جانتے ہیں

تو آپ صلی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ والہ وسلم نے فرمایا: معاویہ (رضی اللہ تعال عنہ) کو بلاؤ اور معاملہ ان کے سامنے رکھو کیونکہ وہ قومی اور امین ہیں۔

مسند البزار، مسند عبد اللہ بن بسر ۸/۴۳۳، حدیث ۳۵۰۷
تاریخ ابن عساکر، معاویۃ بن صخر ابی ۵۹/۸۲ ملتقطا البدایۃ والنہایۃ سنۃ ستین من الہجرۃ النبویۃ
وھذہ ترجمۃ معاویۃ ... ۵/۴۲۳ ملتقطا
سیر اعلام النبلاء، معاویۃ بن ابی سفیان ۳/۳۹،
تاریخ الاسلام للذھبی ۴/۳۱

رب کی ہو تم پہ ہر گھڑی رحمت معاویہ
اور مصطفیٰ کی نظر عنایت معاویہ
دل میں ہے میرے آپ کی الفت معاویہ
یہ ہے خدا کی مجھ پہ عنایت معاویہ

# نبی ﷺ کا فرمان

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو نبی کریم ﷺ نے شام کی گورنری دی اور انہیں امین قرار دیا۔

ماخذ: صحیح بخاری، حدیث نمبر: 3765

*مولا علی نے جانا نہ ان کو کبھی برا*

*وہ بھی ادب سے لیتے تھے نامِ معاویہ*

# اللہ تعالیٰ محبت فرماتا ھے

حضرت سیدنا ابو درداء رضي اللہ تعالی عنہ فرماتے ہیں:

نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم ایک دن

ام المؤمنین حضرت سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ تعالی عنھا کے گھر تشریف لائے تو

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالی عنہ چارپائی پر سو رہے تھے۔

آپ صَلَّی اللّٰہ تَعالٰی عَلَیْہِ والہ وسلم نے سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ تعالی عنھا سے فرمایا: یہ کون ہے؟

سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ تعالی عنھا نے عرض کی: یہ میرے بھائی معاویہ ہیں۔

نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم نے فرمایا: کیا تم ان سے محبت کرتی ہو؟

سیدتنا ام حبیبہ رَضِيَ اللّٰہ تَعالٰی عَنْہا نے عرض کی: یقینا میں ان سے محبت کرتی ہوں۔

نبی کریم صَلَّی اللّٰہ تَعالٰی عَلَیْہِ وَالِہ وَسَلَّم نے فرمایا: " ان سے محبت کرو، بے شک میں معاویہ سے محبت کرتا ہوں

اور اُس شخص سے بھی محبت کرتا ہوں جو معاویہ سے محبت

رکھتا ہے اور جبرائیل و میکائیل بھی معاویہ سے محبت رکھتے ہیں،

اے ام حبیبہ ! اللہ عزوجل جبریل و میکائیل عَلَیْہِمَا السلام سے بھی بڑھ کر معاویہ سے محبت فرماتا ہے

الشريعة، الجزء الثالث والعشرون، كتاب فضائل معاوية - الخ بشارة النبي الخ، ٥/ ٢٤٤٤، حديث :١٩٢٥،

مسند الفردوس باب الياء، ٥/٣٩٣، حديث : ٨٥٣٠،

لسان الميزان، عبد العزيز بن بحر المروزى ٢/٣٧٩، رقم : ٥٢١١، السنة للخلال، ذكر ابي عبد الرحمن معاوية بن ابي سفيان الخ،

١/٤٥٤ رقم: ٧٠٤، تاريخ ابن عساكر معاوية بن صخر --- الخ، ٥٩/٩٨

جو عاشق رسول ھیں وہ ان سے پیار کرتے ھیں

فقط منافقوں کو ھے عداوت معاویہ

# آگ کا طوق

فرمانِ مصطفیٰ ﷺ اے معاویہ (رضی اللہ عنہ)

جو تیری فضیلت میں شک کرے وہ

قیامت کے روز یوں اٹھایا جائے گا۔۔۔۔۔!!

کہ اس کے گلے میں آگ کا طوق ہوگا۔

(تاریخ ابن عساکر)

*کرے جو تجھ سے دشمنی ہے دوزخی جہنمی*

*ہے جنتی محب تیرا! معاویہ معاویہ*

*(رضی اللہ تعالیٰ عنہ)*

محبت اہلِ بیت

# حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اہلِ بیت سے محبت اور احترام رکھتے تھے،

# اور حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے ساتھ صلح کر کے امت کو بڑی جنگ سے بچایا۔

ماخذ: صحیح بخاری، حدیث نمبر: 2704

*معاویہ امام تھے معاویہ امام ھیں*

*معاویہ کے منکرو! نہ دین سے دغا کرو*

*معاویہ کہا کرو معاویہ کہا کرو*

رضی اللہ عنہ

# شام کی برکت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"اے اللہ ! ہمارے شام میں برکت دے۔"

(شام کی خلافت حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے دور میں مضبوط ہوئی)

**ماخذ: صحیح بخاری، حدیث نمبر: 7094**

*منافقین و حاسدین ہزار کوششیں کریں*

*بنائے آیتیں بھلے روایتیں نئی گڑھیں*

*کبھی نہ ہو سکے جدا میرے علی معاویہ*

رضی اللہ عنہما

# امارتِ شام کی بشارت

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "

میری امت میں ایک جماعت ہمیشہ

حق پر قائم رہے گی اور غالب رہے گی،

یہاں تک کہ قیامت آجائے۔"

(حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے شام میں اسلامی حکومت کے

قیام کو اس حدیث کا مصداق مانا جاتا ہے)

ماخذ: صحیح مسلم حدیث نمبر: 1920

*ذکر معاویہ جب بھی بیان ہوتا ہے*

*سیاہ چہروں پر بغض عیاں ہوتا ہے*

*عجیب کرامت ہے نام معاویہ کی*

*نام یہاں لیتا ہوں درد وہاں ہوتا ہے*

# بہترین حکمرانوں میں شامل

نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

"سب سے بہترین حکمران وہ ہیں جو

رعایا سے محبت کرتے ہیں اور رعایا ان سے محبت کرتی ہے۔"

(حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو امت کے بہترین حکمرانوں میں شامل مانا گیا ہے)

ماخذ: صحیح مسلم، حدیث نمبر: 1855

*لیتا ہوں اس لیے تو میں نام معاویہ*

*میں ہوں غلام ابن غلامِ معاویہ*

نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ نے فرمایا: "

میری امت میں ایک جماعت ہمیشہ

حق پر قائم رہے گی اور غالب رہے گی،

یہاں تک کہ قیامت آجائے۔"

(حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے شام میں اسلامی حکومت کے

قیام کو اس حدیث کا مصداق مانا جاتا ہے)

ماخذ: صحیح مسلم حدیث نمبر: 1920

*ذکر معاویہ جب بھی بیان ہوتا ہے*

*سیاہ چہروں پر بغض عیاں ہوتا ہے*

*عجیب کرامت ہے نام معاویہ کی*

*نام یہاں لیتا ہوں درد وہاں ہوتا ہے*

# امین الامت ہونے کا اعزاز

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"اللَّهُمَّ اجْعَلْهُ أَمِينًا."

(ترجمہ: "اے اللہ! معاویہ کو امانت دار بنا دے۔")

ماخذ: صحیح بخاری، کتاب المغازی، حدیث نمبر: 3765

*نکلی ہے ان کی مدح زبان حضور سے*

*ہے کس قدر بلند مقامِ معاویہ*

# جنگ قسطنطنیہ کے سپہ سالار

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"میری امت کا پہلا لشکر جو قسطنطنیہ پر حملہ کرے گا،

ان کے لیے جنت واجب ہوگی۔"

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے قسطنطنیہ پر حملے کی قیادت کی۔

ماخذ: صحیح بخاری، حدیث نمبر: 2924

*وحدت ہیں مومنیں کہ امیر معاویہ*

*رفعت ہیں اشجعیں کہ امیر معاویہ*

*کاتب کلام پاک کے ناصر ہیں دین کے*

*ہیں رشک محسنیں کہ امیر معاویہ*

# نیکی اور ہدایت پر دعا

رسول اللہ ﷺ نے حضرت معاویہ کے لیے دعا کی:

"اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ مِنَ الْمُھْتَدِیْنَ."

(ترجمہ: "اے اللہ! معاویہ کو ہدایت یافتہ بنا دے۔")

(ماخذ: مسند احمد، حدیث نمبر: 17303)

*ذکر صدیق صبح و شام کروں گا*

*علی کا نوکر ہو صبح و شام کروں گا*

*منکر کی مجال ھی نہیں ذرا سی *

*معاویہ کا ذکر صبح و شان کروں گا*

# حضرت حسن علیہ السلام سے صلح

نبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

"میری امت میں میرے اس بیٹے (حسن) کے ذریعے دو گروہوں کے درمیان صلح ہوگی۔"

یہ صلح حضرت معاویہ اور حضرت حسن رضی اللہ عنہما کے درمیان ہوئی

(ماخذ: صحیح بخاری، حدیث نمبر: 2704)

*نبی کی آل پاک سے بھی ان کی تھی قرابتیں*

*وہ چار یاروں سے دل میں رکھتے تھے محبتیں*

*تمام اولیاء پاک نے برملا کہا*

*کہ جنتی ہے جنتی سیدی معاویہ*

*باخدا ہے جنتی*

*امیر معاویہ*

## نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نصیحت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"جب تم دیکھو کہ معاویہ خلافت سنبھالیں تو انہیں قبول کرو، کیونکہ وہ حق پر ہیں۔"

*یہی عقیدہ ہے نبی کے عاشقوں کا باخدا*

*کہ جنتی ہے جنتی سیدی معاویہ*

*یہ زندگی ہے جب تلک کہیں گے ہم برملا*

*کہ جنتی ہے جنتی سیدی معاویہ*

# قریش کی قیادت

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"قریش کے حکمران قیامت تک عدل پر رہیں گے۔"

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اس حدیث کے مصداق ہیں۔

(ماخذ: صحیح بخاری، حدیث نمبر: 3495)

*میرے تخیل سے بالا تر ہے*

*معاویہ کی عظیم عظمت*

*رضی اللہ عنہ*

# انفاق فی سبیل اللہ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"اللہ کی راہ میں خرچ کرنے والوں پر جنت واجب ہے۔"

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے اپنی دولت کو دین کے لیے خرچ کیا۔

ماخذ: صحیح مسلم، حدیث نمبر: 1890

*معاویہ سے مجھے محبت*

*معاویہ کا میں ہو دیوانہ*

*محبتوں کی زبان سے*

*حضرت معاویہ کا پڑھوں ترانہ*

## صحابہ کی شان

رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ نے فرمایا:

"میرے صحابہ کو گالی نہ دو،

اگر تم احد پہاڑ کے برابر سونا بھی اللہ کی راہ میں خرچ کرو

تو ان کے ایک مُد یا نصف کے برابر بھی نہ ہوگا۔"

(ماخذ: صحیح بخاری، حدیث نمبر: 3673)

ہم نے تو دیکھنی ہے فقط نسبت نبی ﷺ

ہے ان کے قرب والوں میں نام معاویہ

# اھلِ شام کی فضیلت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"جب فتنے ظاہر ہوں گے تو تم شام کی طرف رجوع کرو۔"

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ شام کے امیر تھے۔

ماخذ: سنن ابو داؤد، حدیث نمبر: 2483

خدا کا ان پہ فضل ہے

خدا کی ان پہ رحمتیں

ہے فضل رب سے باخدا جنتی معاویہ

کہ جنتی جنتی ہیں جنتی سیدی معاویہ

# نبی اکرم ﷺ کی دعا

حدثنا محمد بن یحیی، حدثنا ابو مسہر عبد الاعلی بن مسہر، عن سعید بن عبد العزیز، عن ربیعة بن یزید، عن عبد الرحمن بن ابي عميرة، وكان من اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم، عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال لمعاوية: " اللهم اجعله هاديا مهديا واهد به

سیدنا عبد الرحمن بن ابی عمیرہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا:

اللهم اجعله هاديا مهديا واهد به ولا تعذبه

ترجمہ: اے اللہ تو ان کو ہدایت دے اور ہدایت یافتہ بنادے اور ان کے ذریعہ انسانیت کو ہدایت دے، انہیں عذاب سے بچا۔

(جامع ترمذي:3842.)

(التاريخ الكبير للبخاري7/326)

(مسند احمد:117892 السلسلة الصحيحة:1969)

***فضل خدا سے وہ نہ جہنم میں جائے گا***

***ہے دل میں جس کے آپ کی عزت معاویہ***

# قیادت کا حق

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "سب سے بہترین لوگ وہ ہیں
جو میری صدی میں ہیں، پھر وہ جو ان کے بعد آئیں،
پھر وہ جو ان کے بعد آئیں۔" (حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اس دور کے صحابہ میں شامل ہیں)

ماخذ: صحیح بخاری، حدیث نمبر: 3651

***نظرانہ لیتے تھے حسنین شوق سے***

***دیتے تھے واپسی پر سلامِ معاویہ***

# نیکی میں سبقت

رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ نے فرمایا:

"سبقت کرنے والے صحابہ کے درجات بہت بلند ہیں۔"

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ ان صحابہ میں شامل ہیں۔

ماخذ: صحیح بخاری، حدیث نمبر: 3671

معاویہ کی عظمتوں پہ جان و دِل فدا کرو

معاویہ پہ منقبت لکھا کرو! پڑھا کرو!

معاویہ کہا کرو! معاویہ کہا کرو!

معاویہ سے پیار تھا ، معاویہ سے پیار ہے

معاویہ کا ذِکْرِ خیر جابجا کیا کرو!

معاویہ کہا کرو! معاویہ کہا کرو!

# حدیثِ نجوم

نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ نے فرمایا:

"میرے صحابہ ستاروں کی مانند ہیں، جس کی بھی پیروی کرو گے، ہدایت پا جاؤ گے۔"

ماخذ: مشکوٰۃ المصابیح، حدیث نمبر: 6018

ادب سے صحابہ کا تم نام لینا

یہ بخشے ہوئے ہیں یہ حرف جلی ہے

# کاتبِ وحی ہونے کا اعزاز

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو

نبی کریم صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَسَلَّمْ نے اپنا کاتب وحی مقرر فرمایا تھا۔

ماخذ: صحیح بخاری، حدیث نمبر: 3764

یہ سب رب سے راضی خدا ان سے راضی

کتاب خدا میں تو لکھا یہی ہے

# صحابہ کی شان

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"میرے صحابہ کو گالی نہ دو، اگر تم احد پہاڑ کے برابر سونا بھی

اللہ کی راہ میں خرچ کرو تو

ان کے ایک مُد یا نصف کے برابر بھی نہ ہوگا۔"

ماخذ: صحیح بخاری، حدیث نمبر: 3673

نبی کا صحابی ہر اک جنتی ہے یہی کہتا ہوا آیا ہر اک امتی ہے

صحابہ کا شاتم نبی کا ہے شاتم یہ کہہ دو اجاگر حدیث نبی ہے

ہر صحابی نبی جنتی جمتی

# حضرت معاویہ کا عدل

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا:
"معاویہ عرب کے سرداروں میں سے ایک ہیں،
اور ان کے فیصلے عدل و حکمت پر مبنی ہیں۔"

ماخذ: مستدرک حاکم، جلد 3، حدیث نمبر: 4821

**بری بات اپنی زبان سے نہ بولو**
**صحابہ کی توہین بے حرمتی ہے**
**ہر صحابی نبی جنتی جنتی**

# نیکی اور ہدایت پر دعا

رسول اللہ ﷺ نے حضرت معاویہ کے لیے دعا کی:

"اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ مِنَ الْمُھْتَدِیْنَ."

(ترجمہ: "اے اللہ ! معاویہ کو ہدایت یافتہ بنا دے۔")

ماخذ: مسند احمد، حدیث نمبر: 17303

*میرے تخیل سے بالا تر ھے*

*معاویہ کی عظیم عظمت*

*رضی اللہ عنہ*

## *جنھیں مصطفیٰ لکھنا سیکھائیں*

حضرت سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک دن
میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے لکھ رہا تھا۔
سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دوات میں صوف (کپڑا) ڈالو اور
قلم کو ٹیڑھا کاٹو اور بسم اللہ کی ،،ب،، کھڑی لکھو
اور ،،س،، کے دندانے جدا جدا رکھو اور ،، میم کے دائرے کو بند نہ کرو
اور لفظ اللہ خوبصورت لکھو،
رحمن بھی واضح اور خوبصورت کر کے لکھو اور لفظ رحیم بھی عمدہ اور اچھا لکھو۔

الشفا الباب الرابع ,فصل ومن معجزاته الباهرة,۱/۳۵۷ واللفظ له ,الفردوس بماثور الخطاب ,
باب اليا,۵/۳۹۴ حديث: ۸۵۳۳

***ہم سب معاویہ کی محبت میں مست ہیں***
***ہم سے جناب ہوش میں آیا نہ جائے گا***
**رضی اللہ عنہ**

# حدیث پاک:

فرمان آخری نبی صلی اللہ علیہ وسلم: میری امت میں سے جو شخص 40 احادیث مبارکہ حفظ کرے گا جن سے امت نفع اٹھائے اللہ پاک بروز قیامت فقیہ وعالم کی حالت میں اٹھائے گا، یہاں حفظ سے مراد 40 احادیث امت کے لئے نقل و روایت کرنا ہے اگرچہ زبانی یاد نہ ہوں اور ان کے معانی و مفاہیم سے واقفیت بھی نہ ہو کیونکہ نقل و روایت کے ذریعے ہی مسلمان نفع اٹھائیں گے۔

(شرح الاربعین النوویۃ لابن دقیق العید، ص 16)

پیر معید رضا قادری صاحب کی ویڈیوز اور بیانات کی ویڈیوز دیکھنے کے لیے اس نمبر پر واٹس ایپ پر میسج کر دیں۔

Peer Mueed Raza Qadri / 03106598397